© rasailojaraid.com



# خبر نامہ ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی (۴۹)

☆ صدر ادارۂ تحقیق اور امیر جماعت اسلامی ہند مولانا سید جلال الدین عمری کی تصنیف 'غیر مسلموں سے تعلقات اور ان کے حقوق' موجودہ حالات کے پس منظر میں غیر معمولی اہمیت کی حامل ہے۔ اس کے دو اڈیشن ادارۂ تحقیق سے شائع ہوئے تھے، پھر مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے بھی اس کی اشاعت عمل میں آئی تھی۔ اب مصنف کی نظر ثانی اور بعض اضافوں کے ساتھ اس کا چوتھا اڈیشن طبع ہوا ہے۔ صفحات: ۳۲۰، قیمت -/۱۸۵ روپے (مجلد)۔

☆ مولانا عمری کی حسب ذیل دو تصانیف کے نئے اڈیشن حال میں منظر عام پر آئے ہیں:

۱-عورت اسلامی معاشرہ میں (۱۵/ واں اڈیشن) صفحات: ۴۳۲، قیمت -/۱۸۰ روپے۔

۲-مسلمان عورت کے حقوق اور ان پر اعتراضات کا جائزہ (۸/ واں اڈیشن) صفحات: ۲۴۰، قیمت -/۱۰۰ روپے۔

☆ مولانا کی کتاب 'غیر اسلامی ریاست اور مسلمان' موجودہ دور کے ایک اہم مسئلے سے بحث کرتی ہے۔ اسلامک فاؤنڈیشن ٹرسٹ (چنئی) نے بڑے اہتمام اور سلیقہ سے اس کا تمل ترجمہ شائع کیا ہے۔ صفحات: ۱۲۸، قیمت -/۶۰ روپے۔

☆ مولانا کے کتابچہ 'قرآن کا نظامِ خاندان' کا انگریزی ترجمہ Family System in the Holy Quran کے نام سے طبع کر کے جماعت اسلامی ہند حلقہ کرناٹک نے 'مثالی خاندان' کے عنوان سے اپنی ریاست گیر مہم کے دوران بڑے پیمانے پر تقسیم کیا تھا۔ اب مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے بھی اس کی اشاعت ہوگئی ہے۔ صفحات: ۳۶، قیمت -/۲۳ روپے۔

☆ ادارہ کا شعبۂ علمی الحمد للہ پوری طرح سرگرمِ عمل ہے۔ اس کے تحت دو افراد پہلے سے کام کر رہے تھے۔ حال میں تیسرے محقق (مولانا کمال اختر قاسمی) کا اضافہ ہوا ہے۔

☆ نئی نسل کی علمی و فکری نشو ونما کے مقصد سے ادارہ میں تصنیفی تربیت کا دو سالہ کورس عرصہ سے جاری ہے۔ اگست ۲۰۱۳ء میں چار نئے طلبہ نے اس میں داخلہ لیا ہے۔

☆ ادارہ کے سلسلۂ توسیعی خطبات کے تحت ۲۹/ستمبر ۲۰۱۳ء کو پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقی، سابق ڈائرکٹر انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز، مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ نے 'عصر حاضر میں امت کے اختلافی مسائل اور ان کا تدارک' کے موضوع پر خطبہ دیا۔ اس پروگرام کی صدارت پروفیسر سید احتشام احمد ندوی، سابق ڈین فیکلٹی آف آرٹس، کیرلا یونی ورسٹی نے فرمائی۔ خطبہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے بعد حاضرین مجلس نے مباحثہ میں حصہ لیا اور بعض امور پر اظہار خیال کیا۔

☆ اسٹوڈینٹس اسلامک ٹرسٹ (SIT) کی جانب سے اسلامک ڈیولپمنٹ بینک جدہ (IDB) کے تعاون سے عصری تعلیم حاصل کرنے والے مسلم طلبہ وطالبات کے لیے اسکالرشپ فراہم کرنے کا سلسلہ عرصے سے جاری ہے۔ اسکالرشپ کے امیدوار طلبہ کا ایک سہ روزہ ورک شاپ ۱۳-۱۵/ستمبر ۲۰۱۳ء کو البرکات ہائر سیکنڈری اسکول علی گڑھ میں منعقد ہوا۔ اس میں رکن ادارہ مولانا محمد جرجیس کریمی نے بہ حیثیت 'ریسورس پرسن' شرکت کی اور 'صحابہ کرام- امت کے لیے اسوہ' کے موضوع پر خطاب کیا۔

☆ اس سے پہلے خبر دی جا چکی ہے کہ ڈاکٹر محمد حمید اللہ لائبریری، ادارۂ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی اسلام آباد کے لائبریرین جناب عبدالرؤف صاحب نے مجلّہ 'تحقیقات اسلامی' کے سو شماروں (۱۹۸۲-۲۰۰۶ء) کا Digital Collection تیار کیا تھا۔ اب اسے انھوں نے Update کر کے اب تک (۲۰۱۳ء) کے تمام شماروں کو اس میں شامل کر دیا ہے۔ اس طرح محققین اور علمی کام کرنے والوں کے لیے اس سے استفادہ آسان ہو گیا ہے۔ اس اہم علمی خدمت پر ادارہ موصوف کا شکر گزار ہے۔ اللہ تعالیٰ انھیں جزائے خیر عطا فرمائے۔ اسے tahqeeqate.blogspot.in پر Visit کیا جاسکتا ہے۔

☆ مجلّات کی فہرست سازی کا ایک بین الاقوامی ادارہ قائم ہے جس کا صدر دفتر فرانس میں ہے اور دنیا کے ہر ملک میں اس کی شاخیں موجود ہیں۔ اس ادارہ کی جانب سے مجلّات کے رجسٹریشن کے بعد ایک نمبر جاری کیا جاتا ہے۔ الحمد للہ تحقیقات اسلامی کے لیے انٹرنیشنل سیریل نمبر حاصل کرلیا گیا ہے، جو یہ ہے: ISSN 2321-8339

☆ طے کیا گیا ہے کہ ان شاء اللہ تحقیقات اسلامی کے اگلے شمارے سے اس کے مقالات کا انگریزی خلاصہ بھی اس میں شامل کیا جائے گا۔ اس لیے مقالہ نگار حضرات سے گزارش ہے کہ آئندہ اپنے مقالات کے ساتھ انگریزی زبان میں ان کے خلاصے (ایک صفحہ سے کم) بھی ارسال کیا کریں۔

☆ الحمد للہ ادارہ کے کیمپس میں مسجد کی تعمیر کا کام جاری ہے۔ پہلی منزل کی چھت پڑ چکی ہے۔ اس وقت پلاسٹر ہو رہا ہے۔ امید ہے کہ تین چار ماہ کے اندر اس میں باقاعدہ نماز کا سلسلہ شروع ہو جائے گا۔



© rasailojaraid.com